عقیدت مندوں کو صبر و حوصلہ عطا فرمائیں۔ آمین یا رب العالمین۔

---- ○ ملک کے ممتاز عالم دین اور محقق حضرت مولانا محمد اسحاق سندیلویؒ گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ ایک عرصہ تک ندوۃ العلماء لکھنؤ کے ساتھ منسلک رہے' پھر کراچی آگئے اور حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ کے علمی رفقاء میں شامل ہو گئے' محقق عالم تھے' تاریخ پر گہری نظر تھی' ساری زندگی تدریسی اور تحقیقی سرگرمیوں میں مصروف رہے۔ ان کی متعدد تصانیف منظر عام پر آچکی ہیں' اللہ تعالیٰ انہیں عفو و درگزر سے نوازیں اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائیں۔

---- ○ ہمارے ایک بہت پرانے دوست اور ساتھی مولانا امیر حسین کا گزشتہ دنوں کوہلو والا میں انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کا تعلق مظفر آباد آزاد کشمیر کے علاقہ چناری سے تھا اور گزشتہ پینتیس برس سے گوجرانوالہ کی نواحی بستی کوہلو والا میں دینی خدمات سرانجام دے رہے تھے' بچیوں کی دینی تعلیم کا ایک مدرسہ بھی انہوں نے قائم کیا' جو اب ان کی یادگار ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دیں۔ آمین یا رب العالمین۔

مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کا علمی و فکری ترجمان

ماہنامہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

منظر عام پر آچکا ہے

چند لکھنے والے : حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر' حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی' مولانا زاہد الراشدی' حاجی محمد فیاض خان سواتی' حافظ عزیز الرحمٰن ایم اے' سید مشتاق علی شاہ

سالانہ زر خریداری : ایک سو بیس روپے

نمونے کا پرچہ خط لکھ کر طلب کیجئے

دفتر ماہنامہ نصرۃ العلوم' محلہ فاروق گنج' گوجرانوالہ